## سوال

(271) مقلد کی نماز غیر مقلد کے پیچھے جائز ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مقلد کی نماز غیر مقلد کے پیچھے جائز ہے ۔ جواب میں علمائے دیوبند کا فتویٰ پش ہو ۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جائز ہے ۔ حدیث شریف میں ہے ۔ صلوا خلف کل بر وفاجر (شرح فقہ اکبر) دیوبند سے ایک زمانے میں دو اخبار نکلتے تھے ۔ ''انصار'' اور ''مہاجر'' انصار مدرسہ کا آرگن تھا اس میں مرقومہ تھا ۔ فرقہ اہل سنت والجماعت ہندوستان میں اعتقاد اور اعمال کے لحاظ سے کتاب وسنت پر عمل کرنے والے دو گروہ ہیں ۔ مقلد اور غیر مقلد (انصار 15 نومبر 1927ء ص 2) اس میں اتنا ہی اقرار ہے کہ غیر مقلد اہل سنت ہیں ۔ دوسرے اخبار مہاجر میں یوں مرقوم ہے ۔ نماز مقلدین کی غیر مقلدین کئے پیچھے اور غیر مقلدین کی مقلدین کے پیچھے صحیح ہے ۔ (کتبہ عزیز الرحمن مفتی دیوبند) (مہاجر 29 جون 1928 ص 5) اس سب سے پہلے مولانا رشید احمد گنگوہی مرحوم کا فتویٰ بھی جواز کا ہے ۔ (فتاویٰ رشیدیہ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

## جلد 01 ص 464

محدث فتویٰ